Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ کا ۹۱ واں جلسہ سالانہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہو گیا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کے زندگی بخش خطابات، علمائے سلسلہ کی روح پرور تقاریر اور دیگر علمی مجالس کا انعقاد

ایک اندازے کے مطابق حاضرین کی تعداد امسال پونے تین لاکھ رہی:

شبینہ اجلاسوں کے علاوہ دیگر جماعتی اداروں اور ذیلی تنظیموں کے اہم اجلاسات

ربوہ ۲۸ فتح / دسمبر۔ جماعت احمدیہ کا ۹۱ واں جلسہ سالانہ ۲۶۔ ۲۷۔ اور ۲۸ دسمبر ۱۹۸۳ء کے تین دن عبادات۔ دعاؤں اور ذکر الٰہی کے پاکیزہ اور روح پرور ماحول میں جاری رہنے کے بعد بخیر و خوبی اختتام پذیر ہو گیا۔ ناظر صاحب اصلاح وارشاد کے مطابق قریباً پونے تین لاکھ افراد نے اس جلسہ میں شمولیت کر کے اپنے ایمانوں میں ایک نئی تازگی حاصل کی۔ ان میں ایک بہت بڑی تعداد ایسے احباب کی بھی تھی جو ابھی احمدیت میں داخل نہیں ہوئے۔

جلسہ سالانہ کی سب سے اہم بات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے روح پرور اور زندگی بخش خطابات تھے۔ حضور نے افتتاحی خطاب کے علاوہ دوسرے اور تیسرے یعنی آخری دن نماز ظہر و عصر کے وقفہ کے بعد کے وقت میں احباب جماعت کو طویل خطابات سے نوازا اس کے علاوہ امسال پہلی بار حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خواتین کے جلسہ سالانہ میں خطاب مردوں کی جلسہ گاہ میں بھی ساتھ کے ساتھ ریلے کیا گیا۔ اس طرح سے احباب کو امسال گزشتہ سالوں کی نسبت حضور کے زیادہ ارشادات سے استفادہ کرنے کی توفیق و سعادت حاصل ہوئی۔

دوسرے روز کے جلسہ سالانہ کے دوسرے اجلاس میں حضور کے خطاب سے قبل مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ اور مجلس انصار اللہ مرکزیہ نے حسن کارکردگی کے لحاظ سے اعلیٰ مقام حاصل کرنے والی مجالس کو خلافت جوبلی علم انعامی دینے کا اعلان کیا۔ چنانچہ حضور نے اپنے دست مبارک سے مجلس خدام الاحمدیہ دارالذکر فیصل آباد کو اول آنے پر علم انعامی عطا فرمایا۔ نیز مجلس ربوہ اور مجلس سرگودھا شہر کو علی الترتیب دوم اور سوم آنے پر اسناد خوشنودی عطا فرمائیں۔ مجلس انصار اللہ مرکزیہ کے مقابلہ حسن کارکردگی میں مجلس ماڈل ٹاؤن لاہور اول رہی۔ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے بیرونی ممالک کی مجالس میں بھی امسال حسن کارکردگی کا مقابلہ کروایا۔ چنانچہ مغربی جرمنی کی مجلس اول رہی۔ مغربی جرمنی کے قائد جرمن باشندے مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نے حضور ایدہ اللہ سے انعامی شیلڈ حاصل کی۔

ذیلی تنظیموں کے ان انعامات کے علاوہ صد سالہ جوبلی منصوبہ کے تعلیمی منصوبہ کے تحت پانچ طلباء نے تعلیمی میدان میں اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے پر حضور ایدہ اللہ کے دست مبارک سے تمغہ جات حاصل کئے۔

دوسرے روز کے اجلاس کی اہم ترین بات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تازہ نظم تھی جو مکرم منیر احمد صاحب جاوید لاہور نے خوش الحانی سے پڑھ کر سنائی۔ یہ نظم نہایت موثر اور جاندار اشعار پر مشتمل تھی ایک ایک شعر پر احباب جماعت جوش و مسرت میں وجد میں آ کر فلک شگاف نعرہ ہائے تحسین بلند کرتے۔ اور جلسہ گاہ بار بار نعرہ ہائے تکبیر کی صداؤں سے گونجتی رہی۔

امسال جلسہ سالانہ (مردانہ) میں حضور کے علاوہ دس دیگر مقررین نے تقاریر کیں جن کے اسماء گرامی اور موضوع مندرجہ ذیل ہیں:۔

ہستی باری تعالیٰ (صفت تکلم)
مکرم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد (مقامی)

غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق عظیم۔ مکرم حافظ مظفر احمد صاحب استاذ جامعہ احمدیہ۔

بیرونی ممالک میں تبلیغ اسلام۔ مکرم مسعود احمد صاحب جہلمی وکیل التبشیر

ظہور امام مہدیؑ۔ مکرم مولانا سلطان محمود صاحب انور ناظر اصلاح وارشاد

وفات مسیح علیہ السلام پر اعتراضات کے جوابات
مکرم مولوی عبد السلام صاحب طاہر مربی سلسلہ۔

عقائد احمدیت پر اعتراضات کے جوابات
مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت۔

پیشگوئی بابت جان ایگزنڈر ڈوئی و مستقبل جماعت احمدیہ۔ مکرم مرزا عبد الحق صاحب امیر صوبہ پنجاب

اجتہاد اور آئمہ اربعہ کے نظریات۔
مکرم مولانا محمد شفیع صاحب اشرف ناظر امور عامہ۔

شجر احمدیت کے شیریں ثمار۔ مکرم مجیب الرحمان صاحب ایڈووکیٹ۔

ذکر حبیب۔ (حقوق العباد) مولانا غلام باری صاحب سیف

ان تقاریر میں سے پانچ تقاریر زنانہ جلسہ گاہ میں بھی ریلے کی گئیں یہ تقاریر محترم حافظ مظفر احمد صاحب۔ مکرم مسعود احمد صاحب جہلمی مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد۔ مکرم مجیب الرحمان صاحب ایڈووکیٹ اور مکرم مولانا غلام باری صاحب سیف کی تھیں۔

افسر جلسہ سالانہ کے ماتحت جلسہ پر کام کرنے والے قریباً سات ہزار کارکنوں نے نہایت خوبی۔ فرض شناسی اور محبت کے ساتھ جلسہ کے تمام انتظامات کئے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کو آرام پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ امسال پچھلے سال کی نسبت مہمانوں کی تعداد میں غیر معمولی طور پر اضافہ ہوگیا تھا۔ اس لحاظ سے انتظامات میں بہت اضافہ کیا گیا۔ افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب کی قیادت و رہنمائی میں تمام کارکنوں نے مہمانوں کی اس بڑی تعداد کو نہایت اطمینان کے ساتھ سنبھالا اور کھانا پکانے بروقت تقسیم ہونے اور قیام گاہوں میں مہمانوں کو کھلانے سمیت تمام انتظامات تسلی بخش طور پر انجام پائے

اس جلسہ کے دیگر پروگراموں کے علاوہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء + عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا
روزنامہ الفضل ربوہ
ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۲۵۴
فون ۴۴۹
جلد ۳۷/۷۲ | جمعرات ۲۳ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ ۲۹ فتح ۱۳۶۲ ہش ۲۹ دسمبر ۱۹۸۳ء | نمبر ۲۹۴

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴ پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبد الحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دار الرحمت غربی ربوہ۔ قیمت ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

۲۶ - اور ۲۷ کی رات کو مسجد اقصیٰ میں شبینہ اجلاس بھی منعقد ہوئے جن میں احباب جماعت ذوق و شوق سے شامل ہوئے۔ ۲۶ کو ہونے والا اجلاس نظارت اصلاح و ارشاد کے تحت ہوا جبکہ ۲۷ کا اجلاس مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے شعبہ تحریک جدید کے تحت ہوا۔

صدر انجمن کے احاطے میں جلسہ سالانہ کی ایک اور اہم چیز تبلیغی نمائش تھی۔ جو جلسہ کے اوقات کے بعد کھلتی تھی۔ اس میں چارٹس کے ذریعہ جماعت احمدیہ کا تعارف تعلیمات اور دنیا بھر میں جماعت احمدیہ کی سرگرمیوں کو نہایت خوبی سے واضح کیا گیا ہے امسال اس نمائش کا رقبہ پہلے سے قریباً دوگنا کر دیا گیا ہے۔ یہ نمائش احباب کی بڑی دلچسپی اور توجہ کا موجب رہی۔

اس کے علاوہ جماعت احمدیہ کی دیگر تنظیموں کے اجلاسات ہوئے۔ الغرض احباب جماعت نے یہ تین دن نہایت ہی مصروفیت کے عالم میں گزارے۔ احباب نے روح پرور تقاریر سے استفادہ کیا اور اپنے ایمانوں میں پہلے کی نسبت کئی گنا مضبوطی اور استحکام مشاہدہ کیا۔

درخواستِ دُعا

- خاکسار کا بیٹا محمود منیر اکبر سلمہ اللہ تقریباً دو ماہ سے بہت بیمار ہے گو اب خدا کے فضل سے افاقہ ہے۔ تاہم عزیز ابھی چلنے پھرنے کے قابل نہیں ہوا۔ احباب سے درخواست ہے کہ درد دل سے بچے کی صحت یابی کے لئے دعا کریں۔

(محمود مجیب اصغر ۔ دارالصدر شمالی ربوہ)

دعائے مغفرت

میرے والد محترم ملک محمد مقبول صاحب ابن ملک محمد افضل صاحب ریٹائرڈ ایس ڈی او (واپڈا) شیخوپورہ ایک ماہ کی بیماری کے بعد مورخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۳ء بروز سوموار ۷ بجے شام بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن مرحوم کی عمر وفات کے وقت ۶۳ سال تھی۔ مرحوم موصی تھے۔ ۲۷ دسمبر کو صبح ۵ بجے جنازہ ربوہ لایا گیا۔ اسی روز بعد نماز مغرب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز جنازہ پڑھائی اور از راہِ شفقت عزیزان سے تعزیت فرمائی۔

بعد میں بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں لائی گئی اور قبر تیار ہونے پر مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب امیر جماعت ضلع شیخوپورہ نے دعا کرائی۔ مرحوم نے اپنے پسماندگان میں تین لڑکے اور دو لڑکیاں چھوڑی ہیں۔

تمام احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔ ان کی مغفرت کے لئے دعا کریں اور یہ بھی کہ خدا تعالیٰ ہم سب کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین

(ملک خالد محمود
قائد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع شیخوپورہ)

تحریک جدید کے مالی جہاد کے سلسلہ میں جوانوں کے جوان

انصار اللہ کے خصوصی فرائض

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات بموقعہ افتتاح سالانہ اجتماع انصار اللہ بتاریخ ۸۳-۱۰-۲۸ کی روشنی میں انصار اللہ اپنے اہل و عیال کے سربراہ ہونے کی صورت میں جملہ افراد خانہ کو مالی قربانی میں شامل کرنے کے لئے پہلے ہی مکلف تھے۔ اب حضور ایدہ اللہ نے دفتر دوم کے معیار قربانی کو بڑھانے کی ذمہ داری بھی ان پر ڈالی ہے۔ نیز یہ کہ دفتر دوم کے وفات یافتہ مجاہدین کے کھاتوں کو بھی از سرِ نو جاری کروانے کا اہتمام انصار اللہ کے ذمہ ہے۔

اس موقعہ پر حضور ایدہ اللہ نے لجنہ کی مساعی بسلسلہ دفتر سوم کو سراہتے ہوئے انصار اللہ کو فاستبقوا الخیرات کی تلقین فرمائی ہے اور فرمایا:-

جوانوں کے جوان ہو تم

حضور ایدہ اللہ کے ان ارشادات کی روشنی میں ہر مجلس اپنی ماہانہ رپورٹ میں معیار قربانی کو بڑھانے اور وفات یافتہ مجاہدین دفتر دوم کی قربانیوں کو بحال کروانے کے بارے میں بھی اپنی کوششوں اور نتائج کا اندراج فرمایا کریں۔

اللہ تعالیٰ سب کو اس کی توفیق سعید بخشے اور اجر عظیم سے نوازے۔ آمین۔

(قائد تحریک جدید مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

کلام الامام امام الکلام

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا دعائیہ منظوم کلام

جماعت احمدیہ کے ۹۱ ویں جلسہ سالانہ کے افتتاحی اجلاس منعقدہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۳ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے افتتاحی خطاب سے قبل حضور ایدہ اللہ کے ارشاد کی تعمیل میں محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید نے سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درج ذیل منتخب دعائیہ اشعار خوش الحانی سے پڑھ کر سنائے۔

اے خدا اے کارساز و عیب پوش و کردگار
اے مرے پیارے مرے محسن مرے پروردگار

کس طرح تیرا کروں اے ذوالمنن شکر و سپاس
وہ زباں لاؤں کہاں سے جس سے ہو یہ کاروبار

اے مرے پیارے فدا ہو تجھ پہ ہر ذرّہ مرا
پھیر دے میری طرف اے سارباں جگ کی مہار

دیکھ سکتا ہی نہیں میں ضعفِ دینِ مصطفیٰ
مجھ کو کر اے میرے سلطاں کامیاب و کامگار

یا الٰہی فضل کر اسلام پر اور خود بچا
اِس شکستہ ناؤ کے بندوں کی اب سُن لے پکار

ہے سرِ راہ پر مرے وہ خود کھڑا مولےٰ کریم
پس نہ بیٹھو میری رہ میں اے شریرانِ دیار

آسماں پر دعوتِ حق کے لئے اک جوش ہے
ہو رہا ہے نیک طبعوں پر فرشتوں کا اتار

اب اسی گلشن میں لوگو راحت و آرام ہے
وقت ہے جلد آؤ اے آوارگانِ دشتِ خار

ملّتِ احمد کی مالک نے جو ڈالی تھی بنا
آج پوری ہو رہی ہے اے عزیزانِ دیار

سر سے میرے پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں
اے مرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار

قوم کے لوگو اِدھر آؤ کہ نکلا آفتاب
وادیٔ ظلمت میں کیا بیٹھے ہو تم لیل و نہار

وہ خدا اب بھی بناتا ہے جسے چاہے کلیم
اب بھی اس سے بولتا ہے جس پہ وہ کرتا ہے پیار

ہر طرف آواز دینا ہے ہمارا کام آج!
جس کی فطرت نیک ہے وہ آئیگا انجام کار

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وقفِ جدید کی ننھی مجاہدات / ننھے مجاہدین

ضلع راولپنڈی کیلئے

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی دعائے خاص

محترمہ صدر صاحبہ لجنہ ضلع راولپنڈی اور آپ کی رفقائے کار کی پُرخلوص کوششوں کے نتیجہ میں موصول ہونے والے مندرجہ ذیل ننھی مجاہدات / ننھے مجاہدین وقفِ جدید دفتر اطفال کے نام جب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں خاص دعاؤں کے لئے پیش ہوئے تو حضور نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اور انکی رفقاء کار کو حسناتِ دارین سے نوازے اور سعی مشکور کی توفیق عطا فرمائے۔

نیز ان ننھی مجاہدات و ننھے مجاہدین اور ان کے والدین کے خلوص میں برکت دے نیز حضور نے اپنے دست مبارک سے تحریر فرمایا:-

جزاھم اللہ احسن الجزاء

عزیزہ امۃ القیوم صاحبہ بنت مکرم لئیق احمد صاحب سنوری اصغر مال
" حمیدہ ارم " " " مرزا نصیر احمد صاحب سٹیلائٹ ٹاؤن شرقی
" حامدہ سعید " " " محمد سعید صاحب انجینئر سول لائنز
" فاطمہ " " " خواجہ عبدالرحمٰن صاحب سید پوری گیٹ
" مریم صدیقہ " " " شیخ انعام احمد " صادق آباد
" عامرہ ارم " " " عبدالقیوم صاحب حلقہ مسجد نور
عزیزم مقبول احمد طاہر صاحب ابن " رشید احمد بھٹی " سٹیلائٹ ٹاؤن غربی
عزیزہ نائزہ صاحبہ بنت " عبدالمجید اختر " سید پوری گیٹ
" عظمیٰ اعجاز " " " بریگیڈیئر اعجاز احمد صاحب سبزہ زار اردو منزل
" فریدہ بیگ " " " مرزا اشرف بیگ " سٹیلائٹ ٹاؤن شرقی
" نوئمین ناصر " " " شریف احمد ناصر " سید پوری گیٹ
" شہلا محمود " " " محمود احمد صاحب اردو منزل
" شیما " " " محمد افضل صاحب پشاور روڈ
" لبنیٰ نسیم " " " عبدالمنان نسیم " "
" امۃ البصیر " " " نصیر احمد صاحب قریشی سید پوری گیٹ
" آنسہ ارم " " " محمد رفیق بٹ صاحب ملت کالونی
" طاہرہ نوزیہ " " " امیر خان چک لالہ
" بابر منصور " " " منصور احمد صاحب شہید اردو منزل
" سبیکہ " " " محمد اسلم صدیقی صاحب پشاور روڈ
" فریحہ " " " محمد احمد صدیقی " "
" امۃ القیوم صدف " " " پیر افتخار الدین " سٹیلائٹ ٹاؤن شرقی
" امۃ الآخر شفق " " " " " " " " " "
" آمنہ " " " بریگیڈیئر بشیر احمد صاحب لالہ زار اردو منزل۔
" فرحانہ " " " عبدالحفیظ " ڈینچ بھاٹہ
عزیزم عرفان احمد " ابن " منور احمد صاحب "
عزیزہ صائمہ باسط، مدثر باسط ناصرہ صاحبہ "
عزیزان مظفر احمد، سردار احمد، شکور احمد، نوشہ مبشر زرین "
" عامر احمد، رفیق، لقمان، قرۃ العین - "
" محمد وقاص، ذوالفقار احمد ابن مکرم کرنل دلدار احمد صاحب "
عزیزہ حمامۃ البشریٰ صاحبہ "
" فرحت باسط صاحبہ بنت مکرم عبدالواسط صاحب "
عزیزم فہیم باسط صاحب ابن " " " "
" ناتح احمد صاحب " " محمد امجد صاحب "
" مظفر احمد صاحب " " ڈاکٹر میر محمد جی صاحب "
بچگان مکرم محمد احمد صاحب صدیقی "
عزیزان احتشام احمد، مجید اقبال ابن مکرم کرنل مجید احمد صاحب "
عزیزم عبدالرحمٰن صاحب ابن مکرم فضل الرحمٰن صاحب
عزیزہ مجیدہ نصیر صاحبہ بنت " مرزا نصیر احمد صاحب سٹیلائٹ ٹاؤن شرقی
عزیزم احمد بلال صاحب ابن " نعمت اللہ گورایہ صاحب "
" احمد عطاء العلیم خالد " " " " " "
عزیزم ناصر اقبال صاحب ابن مکرم شیخ انعام اللہ صاحب صادق آباد
" مرزا عامر اللہ بیگ صاحب " " مرزا محمد اسلم بیگ صاحب سٹیلائٹ ٹاؤن شرقی
" مقبول احمد صاحب " " رشید احمد صاحب بھٹی " "
عزیزہ سارہ ارم صاحبہ بنت " عبدالغنی صاحب سید پوری گیٹ
" طیبہ صاحبہ " " آفتاب احمد صاحب سٹیلائٹ ٹاؤن عصری
عزیزم مودود احمد صاحب ابن " رشید احمد صاحب بھٹی " "
عزیزہ صائمہ نور صاحبہ بنت " نور محمد صاحب " "

(سیکرٹری وقفِ جدید اطفال الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

بھارت سے علمی تحقیق کے لئے خدمات پیش کرنیوالے احباب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مغربی مصنفین کے اسلام پر اعتراضات کی نشاندہی اور ان کا مؤثر جواب تیار کرنے کی غرض سے جو علمی تحریک فرمائی ہے اس میں بھارت سے درج ذیل احباب نے اپنی خدمات پیش فرمائی ہیں۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

۱۔ مکرم فضل الرحمٰن ویب کیبرنگ صوبہ اڑیسہ
۲۔ " محمد کریم اللہ صاحب آزاد نوجوان مدراس صوبہ تامل ناڈو
۳۔ " خلیل احمد صاحب نائب ایڈیٹر "راہ امن" " " "
۴۔ " منصور احمد صاحب " " "
۵۔ " جمال محی الدین شمیم صاحب " " "
۶۔ " محمد احمد صاحب " " "
۷۔ " محمد رحمت اللہ صاحب " " "
۸۔ مکرم عبدالقادر صاحب ایم اے مدراس صوبہ تامل ناڈو
۹۔ " حسن ابوبکر صاحب " " "
۱۰۔ " جمال الدین ویب " " "
۱۱۔ " محی الدین علی صاحب " " "
۱۲۔ " حافظ صالح محمد الہ دین صاحب سکندرآباد حیدرآباد آندھرا پردیش
۱۳۔ " سیٹھ یوسف الہ دین صاحب " " "
۱۴۔ " بشیر الدین الہ دین صاحب " " "
۱۵۔ " مہر دین صاحب دہلوی " " "
۱۶۔ " مقصود احمد صاحب شوق " " "
۱۷۔ " لطیف احمد صاحب " " "
۱۸۔ " رشید احمد صاحب " " "
۱۹۔ " ڈاکٹر عبدالرشید صاحب بدر نئی دہلی۔
۲۰۔ " سید فضل احمد صاحب پٹنہ بہار

(وکیل التصنیف)

درخواست دعا برائے ننھے مجاہدین

مکرمہ و محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ حلقہ دارالرحمت شرقی الف نے اطلاع دی ہے کہ ان کے حلقہ کی طرف سے ایک ہی گھرانے کے چھ اطفال و ناصرات نے مبلغ چھ صد روپے ادا کر کے اپنے آپ کو ننھے مجاہدین میں شامل کیا ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں ان کے لئے خصوصی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کے والدین۔ دیگر متعلقین کو بھی دینی و دنیوی رحمتوں اور برکتوں سے ہمیشہ نوازتا رہے۔ آمین۔

۱۔ عزیزم منصور احمد ابن مکرم مختار احمد صاحب ڈوگر : ۱۰۰/- روپے ادائیگی
۲۔ " جواد احمد " " " " " : ۱۰۰/- " "
۳۔ عزیزہ منصورہ مختار بنت " " " " : ۱۰۰/- " "
۴۔ " سمیرا مختار " " " " " : ۱۰۰/- " "
۵۔ " مبشرہ مختار " " " " " : ۱۰۰/- " "
۶۔ " مسرت مختار " " " " " : ۱۰۰/- " "

(ناظم مال وقفِ جدید ربوہ)

تمام صاحب استطاعت احباب کا فرض ہے
کہ اخبار خود خرید کر پڑھیں (مینیجر الفضل)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ضروری اعلان

جن احباب کو روزنامہ الفضل بذریعہ اعانت سے مفت یا نصف قیمت پر دیا جا رہا ہے۔ ان کو اگر جلسہ سالانہ نمبر کی ضرورت ہو تو وہ ازراہ کرم اس کی قیمت دس روپے ادا کر کے دفتر الفضل سے حاصل کر سکتے ہیں اور بذریعہ ڈاک منگوانے والے حضرات مبلغ تیرہ روپے بھجوا دیں تاکہ ان کی خدمت میں پرچہ بصیغہ رجسٹری بھجوا دیا جائے

(مینیجر الفضل ربوہ)

۲۲ ویں قومی سائنس کانفرنس

مارچ ۱۹۸۴ء میں "پاکستان سائنٹفک سوسائٹی" کے زیر اہتمام بائیسویں قومی سائنس کانفرنس پشاور میں منعقد ہوگی۔ اس میں سائنس کے مختلف مضامین سے تعلق رکھنے والے اسکالرز۔ طلبہ اور محققین اپنے مقالے اردو میں پڑھیں گے۔ مقالہ نگاروں کو چاہیئے کہ وہ اپنے مقالے کے عنادین اور موضوع کا خلاصہ درج ذیل پتہ پر جلد روانہ کر دیں۔ اس سلسلہ میں اگر کوئی معلومات چاہیں تو خط لکھ کر مندرجہ ذیل پتہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

سائنٹفک سوسائٹی پاکستان ؛ شعبہ حیوانیات جامعہ کراچی

سوسائٹی کے زیر اہتمام اردو میں بہت سی سائنسی کتب، جرائد وغیرہ کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہے دلچسپی رکھنے والے احباب ممبر بن کر استفادہ کر سکتے ہیں۔

(الطاف قدیر - کراچی)

تذکرۂ احباب

مندرجہ ذیل احباب نے روزانہ اور خطبہ نمبر مستحق احباب کے نام الفضل جاری کروانے کے لئے رقوم بھجوائی ہیں۔ احباب ان سب کے لئے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ ان کے اموال و نفوس میں برکت ڈالے۔ آمین۔

۱۔ محترمہ بیگم صاحبہ مولانا عبدالمالک خان صاحب مرحوم	:-	۰۰ — ۴۴۰	روپے
۲۔ محترم محمد اسلم صاحب امیر جماعت احمدیہ سیالکوٹ منجانب والد صاحب مرحوم	:-	۰۰ — ۱۷۵	"
۳۔ از طرف مکرم چوہدری ظفر احمد صاحب	لاہور:-	۰۰ — ۱۲۵	"
۴۔ " " والدہ صاحبہ مرحومہ معراج بیگم صاحبہ	" :-	۰۰ — ۱۲۵	"
۵۔ " " نانی اماں مرحومہ رسول بی بی صاحبہ	" :-	۰۰ — ۱۲۵	"
۶۔ " " ماموں جان مرحوم عبدالمنان صاحب کنری (سندھ)	:-	۰۰ — ۱۲۵	"
۷۔ " " والد صاحب چوہدری غلام احمد صاحب	لاہور:-	۰۰ — ۱۲۵	"
۸۔ " " بیٹا مشہود احمد متعلم جامعہ احمدیہ	:-	۰۰ — ۱۲۵	"
۹۔ " " بیٹی مریم صدیقہ صاحبہ	:-	۰۰ — ۱۲۵	"
۱۰۔ " " بیٹی طاہرہ بشریٰ صاحبہ	:-	۰۰ — ۱۲۵	"
۱۱۔ " " بیٹا طاہر محمود صاحب	:-	۰۰ — ۱۲۵	"
۱۲۔ " " اہلیہ صاحبہ سعیدہ محمود صاحبہ	:-	۰۰ — ۱۲۵	"

(مینیجر الفضل ربوہ)

كَادَ الْفَقْرُ اَنْ يَّكُوْنَ كُفْرًا قریب ہے کہ غریبی کفر بن جائے

(حدیث النبیؐ)

ایام جلسہ

عبادتوں اور دعاؤں کے دن

زہے نصیب

جلسہ سالانہ

کے مبارک موقع پر

احباب جماعت میں ایک عمدہ پیشکش اور ایک بیج جو (۱) کلمہ طیبہ (۲) آیت قرآنی فاستبقوا الخیرات اور LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE پر مشتمل ہے۔ خریدیئے

(نیز)

مشینری سپیئر پارٹ بنوانے کیلئے رجوع فرمائیں

پروپرائٹر:- سید منیر احمد

تعاون: مائیکرو انجینئرنگ ورکس

؛ چوک اہل حدیث جہلم ؛

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو

خوش آمدید:

حضرت حکیم نظام جان رح کا

مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ) گوجرانوالہ

مستورات کے معائنہ کا معقول انتظام موجود ہے۔

حکیم عبدالحمید ابن حکیم نظام جان رح

بالمقابل ایوان محمود ربوہ فون ۶۳۸

اعلانِ نکاح

میرے بیٹے مکرم نعیم احمد صاحب کا نکاح بہمراہ عزیزہ مکرمہ نسرین گنائی صاحبہ بنت مکرم نور عالم صاحب گنائی مرحوم ساکن جلنگھم انگلستان بعوض حق مہر مبلغ گیارہ ہزار ڈالر مورخہ ۱۸ دسمبر ۱۹۸۳ء بعد نماز عصر مسجد مبارک ربوہ میں حضور ایدہ اللہ کے ارشاد پر محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھا۔ اور بعد میں حضور نے نکاح کے بابرکت و مثمر بہ ثمرات حسنہ کے لئے دعا کرائی۔

مکرم نعیم احمد صاحب حضرت بابو چوہدری محمد اکبر علی صاحب یکے از اصحاب احمد منیجنگ ڈائریکٹر سٹار ہوزری لمیٹڈ قادیان کے پوتے ہیں۔ مرحوم حضرت اکبر علی صاحب قادیان میں اعزازی طور پر کئی عہدوں پر سلسلہ کی خدمات انجام دیتے رہے۔

احباب کرام سے اس رشتہ کے بابرکت اور ہمیشہ ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(چوہدری محمد انعام اللہ ۳۰۶ شیر شاہ روڈ ملتان)

کیور ٹیو میڈیسن کمپنی اور کلینک

چوک گولبازار ربوہ میں منتقل ہو چکے ہیں۔ پہلی عمارت میں اب صرف ادویات کا سٹور ہے۔ احباب کی معلومات اور سہولت کے لئے جلسہ سالانہ (۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر) کے دنوں میں گول بازار میں مسجد المہدی سے ملحقہ میدان میں کیور ٹیو نمائش منعقد کی جا رہی ہے۔ جہاں کیور ٹیو سسٹم آف میڈیسن سے متعلق ادویات لٹریچر اور معلومات آپ بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔

منیجر کیور ٹیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ فون نمبر ۶۰۶/۶۰۷

اکسیر گلٹی پستان

(دودھل جانوروں کیلئے)

ایک ہفتہ کا کورس قیمت ۲۱/ روپے

تفصیلات کیلئے

کیور ٹیو میٹریز گائیڈ حاصل کریں

کیور ٹیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ

ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷